© rasailojaraid.com

ثناء اللہ ثاقب چوہان
بستی مولویاں

## بیاد حضرت مولانا عبدالحق چوہان رحمتہ اللہ علیہ

وہ جو اس دور کا عالمِ دین تھا — ہم سے حکمِ اجل نے جدا کر دیا
وہ محقق، معلم، مدرس بھی تھا — ہم سے حکمِ اجل نے جدا کر دیا
لفظ ملتے نہیں انکی تعریف کو — انکی تعریف میں کیسے لکھوں ثنا
علم اپنے پہ انکو تکبر نہ تھا — ظلمتوں کو انہوں نے مٹایا سدا
اور چراغوں کو روشن کیا ہر جگہ — نام اونچا کیا دین اسلام کا
خاکساری ہی انکا وطیرہ رہی — سادگی ہی سدا انکا شیوہ رہی
دین پر ہی گزاری سبھی زندگی — انکی عظمت کا قائل تھا شہباز بھی
خدمت دیں کو ہر دم وہ تیار تھے — وہ تھے حافظ حدیث اور قرآن کے
یہ دعا ہے لحد انکی روشن رہے — اور جنت میں انکو ٹھکانہ ملے

---

عبدالحمید شہباز مرحوم مولانا کے بڑے بھائی تھے مگر ہر معاملے میں مولانا کی رائے کو ہی مقدم سمجھتے تھے۔

○

## دعاء صحت

مجلس احرار اسلام لاہور کے سابق جنرل سیکرٹری جناب حکیم محمد ذوالقرنین علیل ہیں۔ وہ گزشتہ ماہ ٹریفک کے ایک حادثہ میں شدید زخمی ہوگئے تھے۔

مرید کے سے مجلس احرار اسلام کے بزرگ کارکن جناب حکیم محمد صدیق تارڑ صاحب پر فالج کا حملہ ہوا ہے تاہم ان کی صحت اب قدرے بہتر ہے۔

حضرت شیخ حسام الدین رحمتہ اللہ علیہ کے فرزند جناب شیخ ریاض الدین صاحب طویل عرصہ سے علیل ہیں۔

احباب و قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مریضوں کیلئے دعا فرمائیں اللہ تعالیٰ انہیں شفاء کاملہ عطاء فرمائے۔ اراکین ادارہ بھی اپنے ان بزرگوں کی صحت یابی کیلئے دعا گو ہیں۔ (ادارہ)



© rasailojaraid.com